جب ایوسکیرا سے انکار کرتے ہیں تو مجھے یہاں کے ہونے اور یہاں کا محسوس کرنے دینے سے روکتے ہیں، اگرچہ یہ غیر ارادی طور پر ہو۔ تاہم، جب میرے ساتھ ایوسکیرا میں بات کرتے ہیں تو یہاں کی مقامی زبان کے ذریعہ ہمارے وطنوں اور ثقافتوں کے درمیان ایک نیا پل تعمیر ہوتا ہے۔

میری جلد کا رنگ محض اوپر سے ایسا ہے۔ ایوسکیرا کی وجہ سے میں اتنا ہی ایوسکالدونی ہوں جتنا تم ہو۔ لہٰذا، میرے ساتھ ایوسکیرا میں بھی بات کر سکتے ہو۔

اس مہم کے بارے میں معلومات:
labur.eus/nirekinERE

مہم کے پوسٹر:
labur.eus/kartelakERE

مہم کی ویڈیو:
labur.eus/bideoaERE

UEMA
UDALERRI EUSKALDUNEN MANKOMUNITATEA

Eduki hau beste hizkuntza batzuetan.
En otros idiomas. In other languages:

EUSKERA | عرب | CASTELLANO

Egin nirekin ere euskaraz!

آرلینیس
کوئیواس
سیئرا
10سال
اونداروا

آرلینیس ایوسکالدونی ہے جس کا اصل تعلق ڈومینکن ریپبلک سے ہے۔
اس کی پہلی زبان کاستیانو ہے۔

حیدر راجہ
12سال
لیتیصیا

حیدر ایوسکالدونی ہے جس کا اصل تعلق پاکستان سے ہے۔
اس کی پہلی زبان اردو ہے۔

Egin nirekin ere euskaraz!

آرلینیس ، حیدر، آئیمار، آیا، نورا، صیفورا، میرونا، رانڈی، ایخی، حانا، آناستاسیہ، آندری، ظونورین، لاسانہ، عبداللہ، آلایا، ریان اور لین، ہم سب ایوسکالدونی ہیں۔ ہم ایوسکیرا بولتے ہیں۔

ہم سینیگال، ڈومینکن ریپبلک، صحارا، پاکستان، یوکرین، مراکش، ایکواڈور اور ایوسکال ھیریا میں پیدا ہوئے ہیں۔ اور ہم اونداروا، لیتیصیا، ایبارا، ثیستوا اور ثالدیبیا میں رہتے ہیں، لیکن خوش قسمتی سے ہمارے کسی بھی ایوسکالدونی گاؤں میں عبداللہ، لین یا آرلینیس ہزاروں میں بڑھ جاتے ہیں۔

پہلی زبانیں جو ہمیں گھروں میں ملی ہیں وہ ہیں اردو، عربی، ماندینگا، کیچوائی، یوکرینی، کاستیانو سپینش یا ایوسکیرا۔ مخصوص لحاظ سے ایوسکیرا، بعضوں کی پہلی زبان ہے، دیگر کے لیے دوسری زبان اور بہت ساروں کے لیے تیسری زبان ہے۔ تاہم، سکول میں یا دوستوں اور سہیلیوں کے درمیان ہم ایوسکیرا میں بات کرتے ہیں۔

تاہم، اکثر، ہماری جلد کے رنگ کی وجہ سے، تعصب اور دیگر عوامل کے باعث، لوگ ہمارے سے سپینش میں بات کرتے ہیں۔ اور، ہمیں اچھا نہیں لگتا۔ کیونکہ ہم ایوسکالدونی ہیں، اور کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ ایوسکیرا ہماری ثقافتوں کے مابین ایک خوبصورت پل ہے، اور جب ہمارے سے ایوسکیرا میں بات نہیں کی جاتی تو ہمیں اس پل پر چلنے سے روکا جاتا ہے۔

ہم ایوسکالدونی ہیں۔ میرے ساتھ ایوسکیرا میں بھی بات کر سکتے ہو!